02.05.2024

13.50 Hrs

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

Music

---------------------------

1 وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج دنیا بھارت کو امن قائم کرنے والے ملک کے طور پر دیکھتی ہے۔

2 امریکی فیڈرل ریزرو نے لگاتار چھٹی مرتبہ اپنے اہم شرح سود میں کوئی تبدیلی نہ کرتے ہوئے اِسے پانچ اعشاریہ دو پانچ سے پانچ اعشاریہ پانچ صفر فیصد پر برقرار رکھا ہے۔

3 بھارت نے کہا ہے کہ وہ فلسطین اور اسرائیل کے دو مملکتی حل کے موقف کی بدستور حمایت کرتا ہے۔

4 بھارت کے مکے باز آرین، یش وردھن سنگھ، پریانشو اور ساحل، قزاخستان کے آستانہ میں 22 سال سے کم عمر کی ایشیائی یوتھ باکسنگ چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

**PM-Anand Rally**

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ این ڈی اے کے دور حکومت میں گزشتہ 10 برس میں ملک میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ آج گجرات کے آنند میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت عالمی امور میں ایک سرکردہ ملک کے طور پر ابھرا ہے اور دنیا، بین الاقوامی تنازعات میں بھارت کو ایک ثالث کے طور پر دیکھتی ہے۔ انہوں نے گزشتہ دہائی کے دوران ملک کی عالمی شبیہ میں نمایاں بہتری کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے 30 کروڑ افراد کو غریبی سے نجات دلائی ہے، سو فیصد دیہی گھروں میں بیت الخلا کی تعمیر کو یقینی بنایا ہے جبکہ 75 فیصد دیہی علاقوں میں پانی کے نل کے کنکشن فراہم کئے ہیں۔ انہوں نے سیاسی فائدے کیلئے غریبوں کا استحصال کرنے اور دیگر پسماندہ طبقات کے ساتھ ناانصافی کرنے پر کانگریس پر سخت نکتہ چینی کی۔

جناب مودی نے یقین دلایا کہ اُن کی حکومت ملک میں مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن دینے کی کوششوں کی روک تھام کرے گی۔

وزیر اعظم نے آج دوپہر سریندر نگر میں بھی ایک ریلی کی اور آج بعد میں وہ جونا گڑھ اور جام نگر میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

**Over Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کی چناؤ مہم اور تیز ہوگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

گجرات میں لوک سبھا انتخابات کی چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ پوری ریاست میں اِس مہینے کی 7 تاریخ کو واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔

اِدھر راجستھان کے سابق وزیراعلیٰ اور کانگریس کے لیڈر اشوک گہلوت آج احمد آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرنے والے ہیں۔

دوسری طرف عام آدمی پارٹی کی لیڈر سنیتا کیجیروال بھاؤ نگر اور بھڑوچ کے پارٹی امیدواروں کی حمایت میں Botad اور Dediyapada میں روڈ شو کریں گی۔

اترپردیش میں کئی سرکردہ لیڈر آج انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔ آکاشوانی کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ لیڈر امت شاہ پارٹی امیدواروں کی حمایت میں بریلی، بدایوں اور سیتاپور ضلعے میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ شام کو وہ لکھنؤ میں پارٹی کی تنظیمی میٹنگ میں شریک ہوں گے۔

ریاست کے وزیراعلیٰ اور BJPکے سرکردہ لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ ایک روڈ شو کریں گے جبکہ بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی بھی وہاں ایک ریلی سے خطاب کریں گی۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو بدایوں اور Aonla لوک سبھا حلقوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

راشٹریہ لوک دل کے سربراہ جینت چودھری، ہاتھرس لوک سبھا حلقے کے سعدآباد علاقے میں ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔

**Telagaa-BRS-Chief**

تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ نے کل رات 8 بجے سے پہلے محبوب آباد میں اپنی عوامی میٹنگ ختم کی، کیونکہ انتخابی کمیشن نے اُن کی جانب سے گزشتہ مہینے دیے گئے قابل اعتراض بیانات کی پاداش میں ان پر 48 گھنٹے کے لیے چناؤ مہم کرنے پر پابندی عائد کردی ہے۔ جس وقت کل رات 8 بجے سے اُن پر 48 گھنٹے کی پابندی عائد ہوئی اُس وقت وہ 8 روزہ بس یاترا پر تھے۔ جناب راؤ جو کے سی آر کے نام سے مقبول ہیں، اُن پر کانگریس کے خلاف توہین آمیز بیانات کے تناظر میں انتخابی کمیشن نے اسے مثالی ضابطہ عمل کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے 48گھنٹے تک چناؤ مہم میں حصہ نہ لینے کی پابندی عائد کردی ہے۔

کانگریس نے Sircilla شہر میں ایک پریس کانفرنس میں کے سی آر کی جانب سے قابل اعتراض بیانات کے بارے میں گزشتہ ماہ کی 6 تاریخ کو انتخابی کمیشن سے شکایت کی تھی۔ کمیشن نے اِس سے پہلے مبینہ بیانات پر کے سی آر کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔

## Maharashtra BJP Rally

مہاراشٹر میں BJP کے لیڈر اور نائب وزیراعلیٰ دیویندرفڑنویس نے کووڈ وبا کے دوران گھپلوں میں ملوث ہونے کے سلسلے میں سابق وزیراعلیٰ اور MVA حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ کَل ممبئی میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے دیویندرفڑنویس نے دعویٰ کیا کہ جس وقت وزیراعظم نریندر مودی ملک میں ویکسین کی تیاری میں سہولت فراہم کررہے تھے، اُس وقت MVA حکومت غریبوں اور بے گھر لوگوں کیلئے کھانے کی فراہمی اور کووڈ وبا کے دوران باڈی بیگس کی خریداری میں بے ضابطگیوں جیسے گھپلوں میں ملوث تھی۔ ریلی میں BJP کے لوک سبھا امیدوار مرکزی وزیر پیوش گوئل، اُجول نکم اور Mihir Kotecha موجود تھے۔ ممبئی میں 6 لوک سبھا سیٹوں کیلئے پانچویں مرحلے کے تحت 20 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## ECI Drive Tribal Participation

لوگوں کے شامل ہونے سے انتخابات مزید موثر ہوجاتے ہیں۔ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے چناؤ کمیشن کئی برس سے اَنتھک کوششیں کررہا ہے۔ کمیشن نے خاص طور سے کمزور قبائلی گروپوں تک پہنچنے اور جمہوری عمل میں اُنھیں شامل کرنے کی خصوصی کوششیں کی ہیں۔

## US FED Reserve

امریکی فیڈرل ریزرو نے بازار تخمینوں کے مطابق لگاتار چھٹی مرتبہ اہم شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اسے پانچ اعشاریہ دو پانچ سے پانچ اعشاریہ پانچ صفر فیصد کے درمیان ہی رکھا ہے۔ فیڈرل اوپن مارکیٹ کمیٹی کی دو روزہ میٹنگ کے بعد امریکہ کے مرکزی بینک نے اپنے دو فیصد افراط زر کے نشانے میں مزید اضافہ نہ ہونے کا حوالہ دیتے ہوئے متفقہ طور پر قرض فراہم کرنے کی اپنی بنیادی شرح میں کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ امریکی سینٹرل بینک نے کئی مہینوں سے قرض کی فراہمی کی اپنی بنیادی شرح زیادہ رکھی ہوئی ہے، تاکہ مانگ کو کنٹرول کیا جاسکے اور بڑھتی قیمتوں کو روکا جاسکے۔ البتہ افراط زر میں اضافہ ہوا ہے، جس سے شرح میں جلد کمی کی امیدیں ختم ہوگئی ہیں۔

بینک کا کہنا ہے کہ جب تک اس کو یہ یقین نہیں ہوجاتا کہ افراط زر میں اس کے ہدف کے مطابق اضافہ نہیں ہورہا ہے، تب تک اسے شرحوں میں کمی کی کوئی امید نہیں ہے۔

فیڈرل ریزرو کے سربراہ Jerome Powell نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ممکن ہے کہ یہ اعتماد پیدا ہونے میں توقع کے برخلاف زیادہ وقت لگ جائے۔

## UN INDIA PALESTINE

اقوام متحدہ میں بھارت کی مستقل نمائندہ Ruchira Kamboj نے کہا ہے کہ بھارت فلسطینیوں اور اسرائیل کیلئے دو مملکتی حل کا عہد بند ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت دو ملکی حل کی حمایت کرتا ہے، جہاں فلسطینی عوام محفوظ سرحدوں کے اندر ایک آزاد ملک میں آزادانہ طور پر زندگی بسر کرسکیں۔

محترمہ Ruchira Kamboj نے حماس کی جانب سے 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل پر کئے گئے حملے کی مذمت کی لیکن یہ بھی کہا کہ ہر ایک کو ہر حالت میں بین الاقوامی قوانین کا احترام کرنا چاہیے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے غزہ میں پھنسے ہوئے اسرائیلی یرغمالوں کی غیرمشروط رہائی کی بھی مانگ کی ہے۔

**CBI**

مرکزی جانچ بیورو سی بی آئی نے مغربی بنگال کے سندیش کھالی میں غیر قانونی طور پر زمین پر قبضہ کرنے، جبراً روپیہ وصول کرنے اور خواتین کو ہراساں کرنے کے معاملات کی اپنی تحقیقات کے بارے میں ابتدائی رپورٹ کلکتہ ہائی کورٹ کو پیش کردی ہے۔

رپورٹ پیش کرتے ہوئے سی بی آئی وکیل نے سندیش کھالی میں آراضی کے ریکارڈ، مرکزی ایجنسی کے اہلکاروں کو فراہم کرنے میں ریاستی سرکار کے عدم تعاون کی شکایت بھی کی۔

سی بی آئی کے وکیل نے بتایا کہ مرکزی ایجنسی کو اپنے مخصوص پورٹل کے ذریعہ سندیش کھالی میں غیر قانونی طریقے سے زمین پر قبضہ کرنے سے وابستہ تقریباً 900 شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔

ہائی کورٹ کی ڈویژن بینچ نے ریاستی سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ سی بی آئی کے ساتھ ہر طرح کا ضروری تعاون کرے، تاکہ وہ اِس معاملے کی تحقیقات خوش اسلوبی کے ساتھ آگے بڑھا سکے۔

**IMD- Weather**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور بہار میں آج شدید سے شدید گرمی کے حالات برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جمعہ تک جنوبی جزیرہ نما بھارت میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ اگلے پانچ روز کے دوران مہاراشٹر، رائل سیما، گجرات، تمل ناڈو اور آندھرا پردیش اور اتوار تک وسطی بھارت میں شدید گرمی رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مغربی بنگال کے گنگنا والے علاقے، مشرقی جھارکھنڈ، شمالی اڈیشہ اور رائل سیما میں جمعہ تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 سے 47 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں کَل سے اِس مہینے کی 6 تاریخ تک گرج چمک کے ساتھ بارش اور برفباری کا امکان ہے۔

**Chennai-Uma Ramanan**

ممتاز گلوکارہ Uma Ramanan کا آج چنئی میں انتقال ہوگیا۔ 72 سالہ گلوکارہ نے تین دہائیوں سے زیادہ عرصے میں 6 ہزار سے زیادہ Concerts کئے ہیں۔ تربیت یافتہ کلاسیکی گلوکارہ نے Ilayarajaa کیلئے گانے کے بعد شہرت حاصل کی۔ ان کے شوہر اے وی رامانن بھی معروف موسیقار ہیں اور انہوں نے موسیقی کے کئی پروگراموں کی میزبانی بھی کی ہے۔

**Assam Purnima Devi**

آسام میں جنگلی جانوروں کا تحفظ کرنے والی ڈاکٹر پورنما دیوی برمن کو اِس سال کے Whitley Gold ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ محترمہ برمن کو یہ ایوارڈ سارس جسے مقامی طور پر Hargila

کے نام سے جانا جاتا ہے کے تحفظ کیلئے اُن کی کوششوں کے صلے میں دیا گیا ہے۔ انھوں نے اپنی کوششوں کے سلسلے میں کامروپ ضلعے میں مقامی مرد وخواتین کو Hargila آرمی کے طور پر منظم کیا۔ کامروپ ضلعے میں Hargila کی تعداد دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر سربانند سونووال نے Whitley Gold ایوارڈ جیتنے پر اُنھیں مبارکباد دی ہے۔ اِسے Green Oscar کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ ڈاکٹر پورنما دیوی ایوارڈ حاصل کرنے کی غرض سے اِس وقت لندن میں ہیں۔

**Youth Boxing**

قزاخستان کے آستانہ میں 22 سال سے کم عمر اور نوجوانوں کی مکے بازی چمپئن شپ 2024 میں بھارتی مکے باز Aryan، یش وردھن سنگھ اور ساحل آج سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ اُدھر جتن 57کلو گرام زمرے میں ازبیکستان کے A Nodirbek سے چار کے مقابلے ایک سے ہار کر چمپئن شپ سے باہر ہوگئے۔ اِس ٹورنامنٹ میں مکے بازی کے اچھے مقابلے ہورہے ہیں۔ اِس میں 24 ملکوں کے 390 سے زیادہ مکے باز 25 زمروں میں مقابلہ آرائی کررہے ہیں۔ اِس ٹورنامنٹ کے فائنلز نوجوانوں کے زمرے کے لیے6 مئی کو، جبکہ 22 سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کیلئے 7مئی کو کھیلے جائیں گے۔

**IPL- Cricket**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام حیدر آباد میں سن رائزرس حیدر آباد کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ ساڑھے 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز نے چنئی سپر کنگز کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ میزبان ٹیم کی جانب سے دیے گئے 163 رن کے جیت کے نشانے کو پنجاب کنگز نے 17 اوورس اور پانچ گیندوں میں تین وکٹ کھوکر آسانی سے حاصل کرلیا۔ اِس جیت کے ساتھ پنجاب کی ٹیم 8ویں مقام سے 7ویں پوزیشن پر آگئی ہے، جبکہ چنئی چوتھی پوزیشن پر ہے۔

****